کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ

(اشتہار نیلامی برائے خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر)

ہر خاص وعام بشمول کاروباری حضرات کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی درج ذیل خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کے حقوق کرایہ داری برائے عرصہ پانچ سال ماہانہ کرایہ پر دینے کیلئے نیلام عام منعقد کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقرر پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر / لوکیشن	مقررہ ماہانہ کرایہ برائے 05 سال 10 فیصد سالانہ اضافہ کے ساتھ	زر بیعانہ	تاریخ نیلام	متبادل تاریخ
01	کینٹ میڈیکل سنٹر اقبال پارک روڈ، نوشہرہ کینٹ کی بلڈنگ میں واقع خالی بلاک برائے شعبہ جات Private Clinics for doctors/ Practitioners, Medical Center, Dispensary setup, Nursing Institute, Lab collection points, Homeopathic college, Technician, Laboratory Technician Course, D-Pharma Course, Homeopathic Course, Nursing Course, Para Medic Course & for other commercial activities.	1,09,89,180/- روپے	10,98,918/- روپے	24.11.2026	25.11.2026

شرائط:۔

1- نیلامی مقررہ تاریخ کو دن 00: 02 بجے شروع ہوگی۔ وہ حضرات جنہوں نے کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ بمع قومی شناختی کارڈ جمع کروایا ہو وہی بولی میں حصہ لے سکیں گے۔

2- ایسا شخص یا فرم جو کینٹ بورڈ نوشہرہ کا نادہندہ / بلیک لیسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہو گا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

3- کینٹ میڈیکل سنٹر اقبال پارک روڈ نوشہرہ کینٹ کی عمارت میں واقع خالی بلاک کی نیلامی ماہانہ مقررہ کرایہ مبلغ -/150000 روپے سے شروع ہوگی۔

4- نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی اور ماہانہ کرایہ میں 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 05 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ 05 سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد کینٹ بورڈ فیصلہ کریگا کہ آیا اس خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کو دوبارہ نیلام کیا جائے یا موجودہ کرایہ دار کو دیا جائے۔ اگر بورڈ موجو . کرایہ دار کو خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو کرایہ داری کی مدت میں 02 دفعہ توسیع 05 سال کیلئے کر سکتا ہے۔ جس میں توسیع کے پہلے سال کم از کم 25% اضافہ ہو گا۔ اور اس کے بعد ہر سال 10 فیصد یا مارکیٹ کے مطابق اضافہ ہو گا۔

5- اول نمبر اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ گان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندہ گان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔

6- قبضہ خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کرایہ داری کی حتمی منظوری بورڈ سے ملنے کے بعد 07 دن کے اندر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل اور تین ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی جمع کرنے کے بعد دیا جائے گا۔ بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائی گی اور خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کو دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔ جس پر بولی دہندہ کو اعتراض کرنے کا کوئی قانونی حق حاصل نہ ہو گا۔

7- کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

8- کامیاب بولی دہندہ خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کسی دوسری پارٹی یا فرد کو کرایہ داری حقوق بورڈ کی منظوری کے بعد مجوزہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی کے تحت ٹرانسفر کر سکتا ہے۔ اور کرایہ داری کی بقایا مدت کے لئے نئے کرایہ دار کے ساتھ کرایہ داری کا معاہدہ کیا جائے گا۔

9- کامیاب بولی دہندہ حکومت کے مجوزہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

10- کامیاب بولی دہندہ اپنے خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہو گا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں کرایہ دار قانونی طور پر خود ذمہ دار ہو گا۔

11- زیر دستخطی یا بورڈ وجہ بتائے بغیر بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

12- کامیاب بولی دہندہ خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کی مرمت اپنے خرچے پر کینٹ بورڈ کی منظوری سے کروائے گا ہر قسم کی صفائی و ستھرائی کی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ کی ہو گی۔ کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ خود یا بذریعہ نمائندہ کسی بھی وقت خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کا معائنہ کر سکتا ہے۔

13- کینٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس پشاور ثالث تصور ہو گا جس کا فیصلہ حتمی ہو گا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔

14- دیگر شرائط خالی بلاک کینٹ میڈیکل سنٹر کے سائز و نقشہ دفتری اوقات میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جا سکتی ہیں۔

15- نیلامی پیپر اروز 2004 کے مطابق ہو گی اور اشتہار پیپر اویب سائٹ پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

المشتہر:

کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0[illegible]3- 9220089